سفر سعادت



لَبّيكَ اللّهُمَّ لَبّيكَ، لَبّيكَ لا شَريكَ لَكَ لَبّيكَ،
إنّ الحَمدَ و النّعمَةَ لَكَ و المُلكَ لا شَريكَ لَكَ

“HERE I AM O ALLAH, (IN RESPONSE TO YOUR CALL), HERE I AM. HERE I AM, YOU HAVE NO PARTNER, HERE I AM. INDEED ALL PRAISE, GRACE AND SOVEREIGNTY BELONG TO YOU. YOU HAVE NO PARTNER.”

حجاز مقدس میں قیام کی تقسیم

- عمرہ
- حج
- زیارت مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
- عمومی عبادت کے ایام

حج پر جانے سے پہلے کرنے والے کام

- اپنی نیت کو اللہ کے لئے خالص کرلیجئے
- اللہ تعالی سے گڑگڑا کر اپنی کوتاہیوں کی معافی مانگئے
- اپنے قلب و ذہن کی اصلاح کرلیں
- حج کے لیے حلال مال خرچ کریں
- اہل خانہ کی ضروریات کے لیے رقم کا بندوبست کریں

حج پر جانے سے پہلے کرنے والے کام

- رشتے داروں اور احباب سے معافی مانگنی چاہیے
- اپنی نمازوں کو درست کر لیجئے
- معاملات میں خوش خلقی، باہمی تعاون اور صبر و برداشت غالب ہو
- خواتین نماز باجماعت، نماز جنازہ اور جمعہ کی نماز کا طریقہ سیکھیں
- روزانہ کم از کم دو کلو میٹر پیدل چلنے کی عادت اپنائیں

اللہ تعالیٰ کا تقویٰ ساتھ لے کر جائیں۔۔

وَتَزَوَّدُوْا فَاِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰى

وَاتَّقُوْنِ يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ (البَقَرَة ۱۹۷)

اللہ تعالیٰ کا تقوٰی ساتھ لے کر جائیں

اور زاد راہ ساتھ لے جاؤ کیونکہ بہتر زادِ راہ پرہیز گاری

ہے اور (اے) اہل عقل مجھ سے ڈرتے رہو

فرمان نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اَلدِّينُ النَّصِيحَةُ

دین خیر خواہی کا نام ہے

دوسروں کو اپنے اوپر ترجیح دیں

اَلعجلَةُ مِنَ الشَّيطَان

جلد بازی شیطان کا کام ہے

جلدی میں کی گئی عبادات خشوع خضوع سے عاری ہوتی ہیں
اور بعض اوقات دوسروں کے لئے تکلیف کا باعث بھی ہوتی ہیں

اللہ تعالیٰ کا تقویٰ ساتھ لے کر جائیں۔۔

اَلۡحَجُّ اَشۡهُرٌ مَّعۡلُوۡمٰتٌ ۚ فَمَنۡ فَرَضَ فِيۡهِنَّ الۡحَجَّ

فَلَا رَفَثَ وَ لَا فُسُوۡقَ ۙ وَ لَا جِدَالَ فِى الۡحَجِّ ؕ

وَ مَا تَفۡعَلُوۡا مِنۡ خَيۡرٍ يَّعۡلَمۡهُ اللّٰهُ ؕ (البَقَرَة ۱۹۷)

اللہ تعالیٰ کا تقویٰ ساتھ لے کر جائیں

حج کے مہینے (معین ہیں جو) معلوم ہیں تو جو شخص ان مہینوں میں حج کی
نیت کر لے تو حج (کے دنوں) میں نہ تو وہ اپنی بیوی سے میل ملاپ
کرے نہ کوئی برا کام کرے اور نہ کسی سے جھگڑے اور نیک کام جو تم
کرو گے وہ خدا کو معلوم ہو جائے گا

رَفَث	وَلَافُسُوقَ	وَلَاجِدَالَ
بے حیائی	اللہ کی نافرمانی	لڑائی و جھگڑا
شہوانی فعل	غیبت جھوٹ	خود غرضی
بے پردگی	چوری	لعن طعن
ازدواجی تعلق	حق تلفی	مذاق اڑانا
فحش گفتگو	ناانصافی	نفس پرستی
باریک لباس	خیانت	تنگ دلی

فرمان نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حَدَّثَنَا آدَمُ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، حَدَّثَنَا سَيَّارٌ أَبُو الْحَكَمِ، قَالَ سَمِعْتُ أَبَا حَازِمٍ، قَالَ سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ ـ رضى الله عنه ـ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَقُولُ

" مَنْ حَجَّ لِلَّهِ فَلَمْ يَرْفُثْ وَلَمْ يَفْسُقْ رَجَعَ كَيَوْمِ وَلَدَتْهُ أُمُّهُ ".

آپ ﷺ نے فرمایا جس شخص نے اللہ کے لیے اس شان کے ساتھ حج کیا کہ نہ کوئی فحش بات ہوئی اور نہ کوئی گناہ تو وہ اس دن کی طرح واپس ہو گا جیسے اس کی ماں نے اسے جنا تھا۔

(بخاری- 1521)

إِنَّ اللَّهَ مَعَ الصَّابِرِينَ

بیشک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے

حج کی اِقسام

☆ حج اِفراد ☆ حج قرِان ☆ حج تمتع

زیادہ تر پاکستانی حجاج، حج تمتع کرتے ہیں۔ جس میں پہلے میقات سے عمرہ کی نیت سے احرام باندھا جاتا ہے اور عمرہ کے بعد احرام کھول دیا جاتا ہے۔ پھر ۸ زوالحجہ کو دوبارہ حج کی نیت سے احرام باندھا جاتا ہے۔



اِفراد

حج

قربانی نہیں کرتے

قران

عمرہ

حج

قربانی

تمتع

عمرہ

حج

قربانی

ایام حج

8ذی الحج

9ذی الحج

10ذی الحج

11ذی الحج

12ذی الحج

13ذی الحج (اختیاری)

حج کے دوران مختلف مقامات پر قیام اور سفر کا ایک نقشہ


Masjid Al- Haram
MAKKAH
3.5 Km
Mina
Muzdalifa
9 Km
5 Km
Arafat
Thakhir
Jabal An Nur
Al Andalus
Al Khansa
Al Adel
As Sail Rd
Al Sharaiyaa Rd
Al Qadisiyyah Rd
القادسية
Al Khadra
Ar Rawdah
Al Mursalat
Al Jamiah
Kuday
At Taqwa
An Nasim
Road No 2
Jabal Thawr Rd
At Taif Rd
طريق الطائف
Road No 9
Arafat Western Ring Rd
Arafat Eastern Ring Rd
4029
40
15

دشت میں صحرا میں ویرانہ میں کوئے یار میں
چلتا پھرتا مثل سایہ میں انہی چاروں میں ہوں

اللہ ہی کے لئے زمین اور آسمانوں کی سب مخلوق خوشی اور ناخوشی سے سجدہ کرتی
ہے اور ان کے سائے بھی صبح وشام (الرعد:15)

مشاعر مقدسہ کا نقشہ اور سفر حج


میقات
مکہ مکرمہ
منیٰ
مزدلفہ
عرفات
1
2
3
4
5
6
7
Aljamarat
Iraq
Iran
Saudi Arabia
Mecca
4 km

مناسک حج کی ادائیگی کا بنیادی اصول

- مناسک حج ہر اسلامی عبادات کی طرح، **فرائض، واجبات، سنتوں اور مستحبات** پر مشتمل
- اگر حج کے فرائض میں سے کوئی فرض یعنی **رکن ترک** ہو جائے تو **حج نہ ہوگا**۔
- اگر واجبات میں سے کوئی **واجب ترک** ہو گیا تو حرم کی حدود میں ایک جانور ذبح کیا جائے گا، اسے ’**دم**‘ کہتے ہیں۔
- ممنوعات میں سے کسی **ممنوع کا ارتکاب** کرلیں تو بھی **تلافی** کی مختلف صورتیں ہیں۔
- کسی سنت کے چھوٹ جانے پر کوئی کفارہ نہیں۔

مناسک حج کا خلاصہ

8 سے 12 ذی الحج کے درمیان حج کے مندرجہ ذیل اعمال ادا کئے جاتے ہیں۔

ارکان

جس نے کوئی ایک رکن بھی چھوڑ دیا اس کا حج مکمل نہ ہوگا۔ البتہ اگر کوئی شخص طوافِ زیارۃ وقت پر نہ کر سکے اور تاخیر کا دم دے تو اس کا حج ہو جائے گا

احرام (شرط)	وقوفِ عرفہ (رکنِ اعظم)	طوافِ زیارۃ (رکن)

واجبات

جس نے کوئی ایک واجب بھی چھوڑ دیا تو اس کے بدلے فدیہ یعنی قربانی دے جس کو مکہ مکرمہ میں ذبح کرے اور وہاں کے فقراء میں تقسیم کرے خود نہ کھائے

وقوفِ مزدلفہ	رمی	قربانی
حلق / قصر	سعی	طوافِ وداع

ALLAH
AR-RAHMAN
AL-MALIK THE KING
AL-QUDDUS
AL-MU'MIN
AL-AZIZ
AL-JABBAR
AL-KHALIQ
AL-BASIR
AL-SAMI'
AL-FATTAH
JUDGE
AL-LATIF
AL-'AZIM
AL-MU'ID
AL-HAQQ
AL-KHAFID THE ABASER
AL-MUDHILL
AL-HAKAM
AL-KHABIR
SHAHID
WITNESS
AL-MAJID
AL-HAMID
AL-HAYY
AR-RAQIB THE WATCHFUL
AL-HAKIM
GENEROUS
AL-GAFUR
AL-'ADL
AL-QAWIYY
AL-ZAHIR
AL-MUGHNI

حج کا پہلا دن - 8 ذی الحج

حج کا پہلا دن - 8 ذی الحج

اپنی رہائش گاہ میں احرام

حالت احرام میں آنے کے لیے

- مستحب اعمال (ناخن تراشنا اور بال وغیرہ صاف کرنا)



PAKAIAN IHROM LAKI-LAKI



PAKAIAN IHROM PEREMPUAN

- غسل یا وضو
- احرام کا لباس

حالت احرام میں آنے کے لیے

- نوافل
- میقات یا اس سے پہلے نیت اور تلبیہ پڑھنا
- دعا کرنا



PAKAIAN IHROM LAKI-LAKI



PAKAIAN IHROM PEREMPUAN

نیت

- یااللہ! میں نے تیری رضا کے لیے حج کی **نیت** کی تو اسے میرے لئے **آسان** فرما، میری طرف سے **قبول** و منظور فرما
- تین بار تلبیہ پکاریں

لَبَّیْکَ ط اَ للّٰھُمَّ لَبَّیْکَ ط لَبَّیْکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ لَبَّیْکَ ط

اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَۃَ لَکَ وَالْمُلْکَ ط لَا شَرِیْکَ لَکَ ط

- تلبیہ کے بعد دعا مانگنا سنت ہے

اَللّٰھُمَّ ھٰذِہٖ حَجَّۃٌ لَا رِیَاءَ فِیْھَا وَلَا سُمْعَہْ

ترجمہ: اے اللہ! میرے اس حج سے نہ دکھاوا مقصود ہے نہ شہرت مطلوب ہے

تلبیہ

لَبَّیْکَ اَ للّٰھُمَّ لَبَّیْکَ ط لَبَّیْکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ لَبَّیْکَ ط
اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَۃَ لَکَ وَالْمُلْکَ ط لَا شَرِیْکَ لَکَ ط

میں حاضر ہوں اے اللہ! میں حاضر ہوں، تیرا کوئی شریک نہیں
میں حاضر ہوں، بیشک ہر تعریف، اور ہر نعمت تیرے ہی لئے ہے اور
تیرے ہی لئے بادشاہت ہے، تیرا کوئی شریک نہیں۔

احرام کی پابندیاں

- مرد کا ٹوپی یا کپڑے سے سر یا چہرہ ڈھانپنا، وگ وغیرہ پہننا۔
- خاتون کا کپڑے سے چہرہ ڈھانپنا، چہرے کے آگے سے ہٹا ہوا نقاب جائز ہے۔
- ناخن یا بال کاٹنا۔
- خوشبو لگانا، مرد کے لئے سلا ہوا کپڑا پہننا اور ایسی چپل پہننا جس سے پاؤں کی ابھری ہوئی ہڈی چھپ جائے۔
- خشکی کے جانور کا شکار یا شکار میں معاونت کرنا۔

احرام کی پابندیاں

- میاں بیوی کی مخصوص باتیں وغیرہ کرنا۔
- حرم کی حدود میں ہرے بھرے خودرو پودے اکھاڑنا۔
- لڑائی جھگڑا کرنا۔
- حدود حرم میں گری ہوئی کوئی بھی چیز اٹھانا، البتہ لوگوں میں اعلان کے لئے اٹھا سکتا ہے۔

کفارہ برائے ممنوعات احرام

- وہ ممنوعات جن کے بہت تھوڑی مقدار یا تھوڑے وقت کے لیے لاعلمی یا بھول سے کر گزرنے سے دم دینے کی ضرورت نہیں۔ البتہ یاد آتے ہی یا علم ہوتے ہی رک جانا ضروری ہے۔ اگر زیادہ وقت یا زیادہ مقدار میں ارتکاب ہوا تو دم دینا ہوگا:

(سلا ہوا کپڑا پہننا، سر ڈھانپنا، خوشبو استعمال کرنا، ناخن یا بال نوچنا، حرم میں پتہ وغیرہ توڑنا)

- وہ ممنوعات احرام جن پر ایک قربانی یا چھ مسکینوں کا کھانا یا تین روزوں کا فدیہ دینا ہوتا ہے:

خشکی کا شکار کرنا/ کھانا، نکاح کرنا/ کروانا، یوم نحر سے قبل حجامت کروانا

- وہ ممنوعات جن سے حج باطل ہو جاتا ہے (ازدواجی تعلقات)۔ بدنہ دینا ہوتا ہے، اگلے سال حج کرنا ہوتا ہے

احرام میں جائز اعمال

مرد اور خواتین احرام کی چادریں/ کپڑے دھو سکتے ہیں، تبدیل کر سکتے ہیں

انگوٹھی، نگ، گھڑی یا ہیڈ فون پہننا۔

چھتری یا گاڑی کی چھت سے سایہ حاصل کرنا۔

بغیر صابن کے سر اور بدن دھونا

زخم پر پٹی باندھنا۔

مسواک کرنا، ٹیکہ لگانا۔

پیشاب، پاخانہ کرنا یا وضو توڑنا۔

پھل کھانا، چاہے خوشبودار ہو۔

کاندھے یا گلے میں بیگ لٹکانا۔

موذی جانور کو مارنا۔

ٹشو پیپر یا کپڑے سے پسینہ صاف کرنا۔

ضروری سامان منیٰ کے لئے

شلوار قمیض	ایک عدد
جوتا	ایک عدد
حجامت کا سامان	بلیڈ، سیفٹی، ریزر اور قینچی وغیرہ
چھتری	ایک عدد
برتن	ایک پلیٹ، مگ اور چمچ (ایک فرد کے لیے)
متفرق سامان	ٹشو پیپرز، کھانے پینے کی اشیاء یعنی بسکٹ ڈبل روٹی وغیرہ، دعاؤں کی کتاب، کنکریوں کی تھیلیاں، صابن بغیر خوشبو/شیمپو، چاقو چھری، ادویات، تکیہ، موبائل فون اور ایک ایکسٹینشن بورڈ اور بیٹری، چٹائی، ٹوتھ پیسٹ/برش
احرام	ایک ہی احرام جو آپ نے پہنا ہوا ہے (اگر خدانخواستہ نیچے والی چادر پاک نہ رہے تو اوپر والی چادر نیچے کر لیں اور دوسری چادر دھو / نچوڑ کر اوپر کر لیں تھوڑی دیر میں خشک ہو جائے گی۔

۸ ذی الحجہ (یوم الترویہ) کو مکہ مکرمہ میں اپنی قیام گاہ سے حج کے لئے احرام باندھنا چاہیئے



مکہ مکرمہ

8ذی الحجہ

منٰی

۸ ذی الحجہ کو احرام باندھنے کے بعد ظہر سے قبل تلبیہ کہتے ہوئے منیٰ پہنچنا چاہیئے

ذرائع نقل و حمل

پیدل سفر

بس سروس

منیٰ حدود بورڈ


نهاية منى
MINA ENDS HERE


بداية منى
MINA STARTS HERE

منیٰ

وہاں ظہر، عصر، مغرب، عشاء اور فجر کی (پانچ) نمازیں
اپنے اپنے وقت پر ادا کرنا چاہیئے

مکاتب

- جنوبی ایشیاء کے مکاتب منیٰ کے ایک ہی حصہ میں ہوتے ہیں۔
- ہر مکتب کا مخصوص نمبر ہوتا ہے۔
- مکتب نمبر کی بغیر ترتیب الاٹمنٹ
- ہوتی ہے
  - مکتب کے گیٹ پر
    - پاکستان پرچم
    - پول نمبر



پول نمبر





منیٰ میں EXTENSION BOARD استعمال کریں

منی میں وضو خانے

- نماز کے اوقات میں بھیڑ
- وضو کے لے مناسب وقت کا انتخاب
- پانی کی ٹونٹی کا زیادہ پریشر

ALLAH
AR-RAHMAN
AL-MALIK THE KING
AR-RAHIM
AL-MU'MIN
AL-'AZIZ THE MIGHTY
AL-QUDDUS THE MOST HOLY
AL-JABBAR
AL-KHALIQ THE CREATOR
AL-QAHHAR THE SUBDUER
AR-RAFI' THE EXALTER
AL-BASIR THE ALL SEEING
AS-SAMI' THE ALL HEARING
AL-FATTAH OPENER
JUDGE
AL-LATIF THE GENTLE
AL-'AZIM
AL-HAKAM JUDGE
AL-MU'ID RESTORER
AL-HAQQ TRUTH
AL-KHAFID THE ABASER
AL-MUDHILL THE HUMILIATOR
AL-KHABIR
ASH-SHAHID WITNESS
AL-MAJID THE MOST GLORIOUS
AL-HAMID THE ALL-PRAISED
AL-HAYY THE EVER-LIVING
AR-RAQIB THE WATCHFUL
AL-HAKIM THE WISE
AL-KARIM THE GENEROUS
AL-GAFUR THE FORGIVING
AL-'ALIM THE ALL KNOWING
AL-MU'IZZ THE BESTOWER OF HONOR
AL-'ADL THE JUST THE EQUITABLE
AL-QAWIYY THE MOST STRONG
AL-ZAHIR THE MANIFEST
AL-MUGHNI THE ENRICHER

حج کا دوسرا دن - 9 ذی الحج

حج کا دوسرا دن-9 ذی الحج

منیٰ سے عرفات روانگی

۹ ذی الحجہ (یوم العرفہ) کو طلوع آفتاب کے بعد تکبیر و تہلیل اور تلبیہ کہتے ہوئے منیٰ سے عرفات روانہ ہونا چاہیئے



مکہ مکرمہ

8ذی الحجہ

منیٰ

9ذی الحجہ

عرفات

ذرائع نقل و حمل

پیدل سفر

بس سروس

مشاعر ٹرین

حج ٹرین صرف اسٹیشن کے نزدیکی مکاتب کے لیئے

عرفات حدود بورڈ


نهاية عرفات
ARAFAT
ROAD 63 طريق
(ZONE 2 منطقة)


بداية عرفات
ARAFAT STARTS HERE

عام دنوں میں میدان عرفات کا منظر

عرفات میں ظہر اور عصر کی نمازیں ادا کرنا چاہئے

وقوفِ عرفات

9 Dhu'l Hijjah

قبلہ رخ ہوکر ہاتھ بلند کر کے قرآنی اور مسنون دعائیں پڑھنا
اور
درمیان میں تکبیر وتہلیل اور تلبیہ بھی کہنا چاہئے

PEDESTRIAN 2
CROSS ROAD 63
TO ROADS 50-38-26
MUZDALIFA 5.5 KM
MINA 9.3 KM
TO JAMARAT 12.2 KM

یوم عرفہ کے لئے خاص ہدایات

- نہائت قیمتی وقت ضائع ہونے سے بچائیں۔
- اپنے خیمے میں دعا میں مصروف رہیں۔ مسجد نمرہ/ جبل الرحمہ جانے کی کوشش نہ کریں۔
- سبیل میں وقت ضائع نہ کریں۔

یوم عرفہ کے لئے خاص ہدایات

- فضول گفتگو سے مکمل پرہیز کریں۔
- غروب آفتاب سے پہلے میدان عرفات سے ہرگز نہ نکلیں۔
- ٹرین پر رونق زیادہ ہوتی ہے۔ صبر کافی درکار ہوگا۔

غروبِ آفتاب کے بعد، نماز مغرب ادا کئے بغیر سکون اور وقار کیساتھ
تلبیہ کہتے ہوئے مزدلفہ روانہ ہونا چاہیئے

طہارت ایمان کا حصہ

مزدلفہ روانگی



مکہ مکرمہ

8ذی الحجہ

منیٰ

9ذی الحجہ

عرفات

9ذی الحجہ

مزدلفہ

مزدلفہ حدود بورڈ


بداية مزدلفة
MUZDALIFAH STARTS HERE

مزدلفہ میں وضو خانے


دورات
مياه رجال
دورات
مياه نساء

میدان مزدلفہ کا منظر

مزدلفہ پہنچ کر مغرب اور عشاء کی نمازیں ادا کرنا چاہئے

© Reuters

رات سو کر گزارنا اور ۱۰ ذی الحجہ کی نماز فجر معمول کے وقت سے تھوڑا پہلے ادا کرنا چاہئے

وقوف مزدلفہ کے بعد منیٰ روانہ ہونے سے پہلے
رمی کے لئے مزدلفہ سے
70 کنکریاں چننا مستحب
ہے

رمی کے لئے کنکری کا حجم چنے کے
دانے سے کچھ بڑا ہونا چاہئے





نماز فجر باجماعت ادا کرنے کے بعد مشعر الحرام پہاڑی کے
دامن میں (یا جہاں کہیں بھی جگہ ملے) قبلہ رخ کھڑے ہو کر
ہاتھ بلند کر کے سورج طلوع ہونے سے قبل خوب روشنی پھیلنے تک
تکبیر و تہلیل کہنا، توبہ واستغفار کرنا اور دعائیں مانگنا چاہیئے

AL-MU'MIN
AR-RAHMAN
ALLAH
AL-MALIK THE KING
AL-'AZIZ THE MIGHTY
AL-QUDDUS
AL-JABBAR
AL-KHALIQ THE CREATOR
AL-QAHHAR
AR-RAFI' THE EXALTER
AL-BASIR THE ALL SEEING
AS-SAMI' THE ALL HEARING
AL-FATTAH THE OPENER JUDGE
AL-LATIF THE GENTLE
AL-'AZIM
AL-MU'ID THE RESTORER OF LIFE
AL-HAQQ THE TRUTH
AL-KHAFID THE ABASER
AL-MUDHILL
AL-HAKAM THE JUDGE
AL-KHABIR
ASH-SHAHID THE WITNESS
AL-MAJID THE MOST GLORIOUS
AL-HAMID THE ALL-PRAISED
AL-HAYY THE EVER LIVING
AR-RAQIB THE WATCHFUL
AL-HAKIM THE WISE
AL-'ADL THE JUST
AL-'ALIM THE ALL KNOWING
AR-RAHIM
AL-MU'IZZ THE BESTOWER OF HONOR
AL-QAWIYY THE MOST STRONG
AL-GHAFUR THE FORGIVING
AL-KARIM THE GENEROUS

حج کا تیسرا دن- 10 ذی الحج

حج کا تیسرا دن- 10 ذی الحج

١٠
٦٢
10
62
٩
٦٢
9
62
i
4
4

طلوع آفتاب سے قبل سکون اور وقار کے ساتھ تلبیہ کہتے ہوئے منیٰ روانہ ہونا اور راستہ میں وادی محسر سے تیزی سے گزرنا چاہئے



مکہ مکرمہ

8ذی الحجہ

منیٰ

9ذی الحجہ

عرفات

9ذی الحجہ

مزدلفہ

10ذی الحجہ

منیٰ پہنچ کر طلوع آفتاب کے بعد جمرہ عقبہ کی رمی کرنا چاہیئے

رمی سے قبل تلبیہ کہنا بند کر دینا چاہیئے

اور ہر کنکری پر بِسمُ اللّٰہِ اَللّٰہُ آکبَر پڑھیئے

جمرات عمارت کا فضائی منظر



جمرات کے داخلی و خارجی راستے


MAKKA
JUMMRA LARGE
JUMMRA MIDDLE
JUMMRA SMALL
MINA
KING FAHD RD
SOOQ-UL-ARAB
KING AZIZ RD
KEY
ENTRY ROUTE
EXIT ROUTE
RLY STA MINA 3
KING FAISAL RD
TAREEK-E-MASHA
TAREEK-E-JOHRA
KHALID BRIDGE

قربانی

10 Dhu'l Hijjah

جمرہ عقبہ کی رمی کے بعد قربانی کرنا اور اس سے کچھ پکا کر کھانا چاہئے

قربانی کے انتظامات

Saudi Post
البريد السعودي
9200 05700| sp.com.sa
adahi
أضاحي
وكلنا وتوكل
Hady هدي
Udhiya اضحية
Fidyah فدية
Sadaqah صدقة
وجبة حاج - كفارات و
إفطار صائم


وكلنا وتوكل
مشروع المملكة العربية السعودية للإفادة من الهدي والأضاحي
The Saudi Project for Utilization of Hajj Meat
Managed by Islamic Development Bank
إدارة البنك الإسلامي للتنمية
adahi
أضاحي
Hady هدي
Udhiya اضحية
Fidyah فدية
Sadaqah صدقة

حلق یا قصر

قربانی کے بعد حلق یا تقصیر کروانا اور احرام کی چادریں اتار کر عام لباس پہننا چاہئے

اب احرام کی دیگر پابندیاں ختم ہو گئیں سوائے ازدواجی تعلقات کی ادائیگی کے، جس کی پابندی طوافِ زیارت کے بعد ختم ہو گی۔

منیٰ سے مکہ مکرمہ



مکہ مکرمہ

8ذی الحجہ

منیٰ

9ذی الحجہ

عرفات

9ذی الحجہ

مزدلفہ

10ذی الحجہ

10ذی الحجہ

طواف زیارت کے لئے پیدل جانے کا راستہ


جمرات
پیدل جانے کا راستہ
سرنگ
مسجد الحرام
SHIB AMIR AND SHIB ALI
شعب عامر وشعب علي
Al Safa and Al Marwah
الصفا و المروة
Kaaba
الكعبة
MT. ABU
King Abdul Azi
AJYAD
أجياد
AL HAJLAH
الهجلة
Bab Amer Tunnel
Tunnel
Masjid Al Haram Rd
Al Hajj
طريق المسجد الحرام
AL JAMARAT
جسر الجمرات
King Abdul Aziz Rd
Sidqi St
Al Baik
البيك
AL AZIZIYAH
العزيزية

طواف زیارت کے لئے پیدل جانے کا راستہ



طواف زیارت کے لئے پیدل جانے کا راستہ


انتبه !! طريق مشاة
انتبه !! طريق مشاة
واٹر کولر

طواف زیارت

منٰی سے مکہ مکرمہ جا کر طواف زیارت کرنا، زمزم پینا اور کچھ حصہ سر پر بہانا چاہیے
آپ نے جب طوافِ زیارت کر لیا تو اب احرام کی تمام پابندیاں ختم ہو گئیں

طواف شروع کرنے کی جگہ



سات چکر پورے کرنے کے بعد

وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرَاهِیْمَ مُصَلًّى

پڑھتے ہوئے مقام ابراھیم کی طرف آنا چاہئے

اور وہاں (یا جہاں کہیں جگہ ملے) دو رکعت نماز ادا کرنا چاہئے

پہلی رکعت میں قل یَآاَیُّھَا الْکَافِرُوْنَ اور دوسری

میں قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ پڑھنا چاہئے

ترمذی

(   )

سعی کے لیے راستہ

سعی کے لیے راستہ


إلى المسعى
To Masa'a
سعی کے لئے

سعی کے لیے راستہ


To Al-Safa
صفا کی طرف

سعی کے لیے راستہ

بداية طواف
Tawaf start
طواف شروع

نواں استلام

سعی



إِنَّ ٱلصَّفَا وَٱلْمَرْوَةَ مِن شَعَآئِرِ ٱللَّهِ ۖ
فَمَنْ حَجَّ ٱلْبَيْتَ أَوِ ٱعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَن يَطَّوَّفَ
بِهِمَا ۚ وَمَن تَطَوَّعَ خَيْرًا فَإِنَّ ٱللَّهَ شَاكِرٌ عَلِيمٌ

صفا پہاڑی پر چڑھتے ہوئے یہ پڑھنا چاہیے

صفا

بداية الصفا
SAFA START
شروع صفا

یہ الفاظ کہیں اَبۡدَءُ بِمَا بَدَءَ اللّٰہ
اور سعی کی نیت کَرلیں

سعی

صفا اور مروہ کی سعی کرنا چاہیے

سبز ستونوں کے درمیان مردوں کو تیز تیز چلنا چاہئے

رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَتَجَاوَزْ عَمَّا تَعْلَمُ اِنَّکَ اَنْتَ الْاَعَزُّالْاَ کْرَمُ ط

”اے میرے رب بخش دے اور رحم فرما بیشک تو زبردست بزرگی والا ہے۔“

سعی


پہلا چکر
Start here
مروہ
صفا
murwa
safa
دوسرا چکر

سعی


Start here
safa
صفا
murwa
مروہ
1
2
3
4
5
6
7

صفا سے مروہ تک ایک چکر شمار کر کے سات چکر پورے کرنا چاہئے

اور مکہ مکرمہ سے منی واپس آنا چاہئے



مکہ مکرمہ

8ذی الحجہ

منیٰ

9ذی الحجہ

عرفات

9ذی الحجہ

مزدلفہ

10ذی الحجہ

10ذی الحجہ

حج کا چوتھا/پانچواں دن - 11/12 ذی الحج

حج کا چوتھا/پانچواں دن- 11/12 ذی الحج

قیام منی کے دوران بکثرت تہلیل و تکبیر، حمد و ثنا، توبہ استغفار اور دعائیں مانگنا چاہیے

روزانہ زوال آفتاب کے بعد جمرہ اولیٰ ، جمرہ وسطیٰ اور جمرہ عقبہ کی بالترتیب رمی کرنا چاہیئے

رمی کے بعد دُعا

✓

جمرہ اولی، جمرہ وسطی کی
رمی کے بعد قبلہ رخ ہو کر
دعا کریں

✗

جمرہ عقبہ کی رمی کے بعد
دعائیں مانگے بغیر واپس پلٹنا
چاہیئے

۱۲ ذی الحجہ کو منیٰ سے واپس آنا ہو تو غروب آفتاب سے قبل منیٰ سے نکلنا چاہئے

2
Luggage Stations
HAFIL

طواف وداع



طواف وداع منیٰ سے مکہ آمد کے بعد وطن لوٹنے سے پہلے کسی وقت کیا جاسکتا ہے

اللہ تعالٰی آپ کا حج مبرور کرے آمین

رَبَّنَا تَقَبَّلُ مِنَّا اِنَّکَ اَنُتَ السَّمِیُعُ الُعَلِیُمِ وَتُبُ عَلَیُنَا اِنَّکَ اَنُتَ التَّوَّابُ الرَّحِیُمِ

حج کے بعد کی زندگی

حیات نو

- کیااب ہم شرائط نماز کو ملحوظ رکھتے ہوئے نمازِ پنجگانہ کے پابند ہیں؟
- کیا اب ہم رمضان کے روزے پابندی سے رکھتے ہیں؟
- کیا اب ہم اپنے مالوں کی زکوۃ کے بارے میں وہمی ہونے کی حد تک فکرمند رہتے ہیں؟
- کیا اب ہمارے دل کو جو خانہ ویراں ہوا کرتا تھا خدا اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت نے آباد کر رکھا ہے ؟
- کیا اب ہمیں اس دنیاوی زندگی کی اہمیت اور اختصار دونوں کا اتنا پتہ چل گیا ہے کہ ہم نے لایعنی کام اور لایعنی کلام چھوڑ دیئے ہیں؟
- ہم نے ذاتی برادریوں، قبیلوں، علاقوں اور زبانوں کے تعصبات سے آزاد ہو کر خالص اسلام کی بنیاد پر لوگوں سے محبت کرنا شروع کر دی ہے ؟

حیات نو

- کیا ہم میں اتنا حوصلہ ، اتنا حِلم ، اتنا **جذبہ عفو** پیدا ہو گیا ہے کہ انسانوں کی زیادتیوں کو نظر انداز کر کے ان سے تعلقات قائم رکھنے کو ہی اپنی کامیابی سمجھیں ؟
- کیا ہم نے حقوق، حقوق چِلاتے رہنے کے بجائے **فرائض** ادا کرنے کی طرف توجہ دینی شروع کر دی ہے ؟
- کیا ہمیں یہ فکر رہتی ہے کہ جو آمدنی گھر میں آ رہی ہے وہ پوری پوری **حلال روزی** ہے؟
- کیا یہ کترنی کی طرح چلتی رہنے والی **زبان** جو ہر وقت کچھ نہ کچھ کترتی ہی رہا کرتی تھی کچھ **قابو** میں آئی ہے ؟
- کیا ہماری سمجھ میں یہ بات آ گئی ہے کہ خود پسندی کہ مقابلے میں **انسان دوستی** بہت اعلیٰ چیز ہے اور جھگڑے مٹانے کے لیے جھک جانا شکست کھانا نہیں بلکہ فتح حاصل کرنا ہے ؟

حیات نو

- کیا ہماری ”میں“ میں کوئی کمزوری واقع ہوئی ہے ؟ کیا ہم اس پست سطح سے کچھ اوپر اُٹھے ہیں جہاں اپنی جھوٹی آن کا احساس ہمیں ذرا ذرا سی بات پر مشتعل کر دیا کرتا تھا اور لوگوں سے اپنی ”بڑائی“ منوانے کی خاطر ہم بڑی ہی ”چھوٹی“ حرکات کرنے پر تُلے رہتے ہیں؟
- ہمیں پتہ چلا ہے کہ چھوٹا اور گمنام بن کر رہنے میں عافیت بھی ہے اور آخرت کی نجات بھی۔
- کیا ہمارے فخر و غرور میں کوئی کمی آئی ہے ؟ ہم نے اپنی اصلیت پہچانی ہے ؟ ہم میں وہ انکسار پیدا ہوا ہے جو خدا اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پسند ہے ؟
- کیا ہمارے دلوں میں اپنے متعلقین کی ”زیادتیوں“ کے شکوے کم ہوئے ہیں؟ کیا ہمیں ان کی ”زیادتیوں“ کے ساتھ اپنی ”زیادتیاں“ بھی نظر آنا شروع ہوئی ہیں؟
- کیا ہمارے دل سے عہدہ و جاہ اور شہرت و دولت کی حرص کم ہوئی ہے ؟

سوالات وجوابات

ایمان اتحاد تنظیم